Urdu

# کولیسٹرول کم کرنے والی دواؤں سے علاج

## علاج کے بارے میں مختصراً

ذیابیطس دل - رگوں کی امراض کے خطرے سے وابستہ ہے۔ کولیسٹرول کم کرنے والی دوائیں خون میں کولیسٹرول کی سطح کو نیچے لانے میں مدد کر سکتی ہیں۔ یہ آپ کے دل - شریانوں کی بیماری کا خطرہ کم کرتی ہیں۔ زیادہ تر لوگ اپنے کولیسٹرول کو کم کرنے والی گولیوں سے علاج شروع کرتے ہیں، جن میں فعال مادّے statiner یا ezetimib ہوتے ہیں۔ ان دونوں کی خاصیت بنیادی طور پر خون میں LDL کولیسٹرول کے مواد کو کم کرنا ہے۔

## کولیسٹرول خون میں چربی ہے

کولیسٹرول کی تین قسمیں ہیں: LDL کولیسٹرول HDL کولیسٹرول اور triglycerider ۔

- **LDL** نقصان دہ کولیسٹرول ہے، جسے 'بُرا' کولیسٹرول کہا جاتا ہے۔ خون میں LDLکی زیادہ مقدار رگوں میں خون جمنے اور دل -رگوں کے امراض کا زیادہ تر خطرہ دیتی ہے۔
- **HDL** بے ضرر کولیسٹرول ہے، جسے 'اچھا' کولیسٹرول کہا جاتا ہے۔ خون میں HDL کولیسٹرول کی زیادہ مقدار رگوں میں خون جمنے کے خطرے کو کم کرتی ہے۔
- **Triglycerider** خون میں چربی کی تیسری قسم ہیں۔ خون میں triglycerider کی زیادہ مقدار آپ کی رگوں میں خون جمنے اور دل -رگوں کے امراض کے خطرہ کو بڑھاتی ہے۔

## کولیسٹرول کم کرنے والی دواء یوں لیں۔

آپ دن میں ایک بار دواء لیں۔ یہ آپ کے سونے سے پہلے صبح یا شام میں ہوسکتا ہے۔ یہ دواء کی قسم پر منحصر ہے۔

## ممکنہ ذیلی اثرات

آپ کو ان ذیلی اثرات کا تجربہ ہو سکتا جیسےکہ :

- متلی
- قے
- پیٹ میں درد
- اسہال
- جگر کی کارکردگی پر اثر
- پٹھوں میں درد

- الرجک رد عمل
- جلد پر دھپڑ
- چکر آنا

## اپنے ڈاکٹر سے رابطہ کریں

اگر آپ کو مندرجہ بالا علامات میں سے کسی کا بھی تجربہ ہوتا ہے اور یقین رکھتے ہیں کہ وہ آپ کے کولیسٹرول کو کم کرنے والے علاج کے سلسلے میں پیدا ہوئے ہیں، تو آپ کو اپنے ذیابیطس کے ماہر سے رابطہ کرنا چاہیے اور ممکنہ طور پر دوائیوں سے وقفہ لینا چاہیے۔

## رابطہ

اگر آپ کے ذہن سوالات ہوں یا کوئی شک ہو تو، آپ بخوشی تیماری داری کا مشورہ دینے والوں (Sygeplejerådgivningen) سے اوقات کار میں ہر دن 08.00 تا 16.00 بجے ٹیلی فون نمبر 00 08 68 39 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

**Steno Diabetes Center Copenhagen**
Borgmester Ib Juuls Vej 83
Herlev 2730